# بشائر الخیرات

سیدی الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ



مدینہ فاؤنڈیشن پاکستان
Madina Foundation

# فہرست


| ❁ | عناوین | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | اسم اللہ جل جلالہ | 2 |
| 2 | اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | 3 |
| 3 | سورۃ الفاتحہ | 4 |
| 4 | سورۃ الاخلاص | 4 |
| 5 | سورۃ الفلق | 5 |
| 6 | سورۃ الناس | 5 |
| 7 | درود ابراہیم | 6 |
| 8 | درودِ پاک کی فضیلت | 7 |
| 9 | فضائل بشائرالخیرات | 8 |
| 10 | بشائرالخیرات سے پہلے کی دعا | 10 |
| 11 | بشائرالخیرات | 11 |
| 12 | درود تاج | 22 |
| 13 | درود تنجینا | 24 |
| 14 | درودِ روحی | 26 |
| 15 | سورۃ التوبہ کی آخری دو آیات | 27 |
| 16 | سورۃ الضحیٰ | 29 |
| 17 | سورۃ الانشراح | 29 |
| 18 | سورۃ الکوثر | 30 |
| 19 | آیت شفا | 30 |
| 20 | درود غوثیہ | 30 |
| 21 | اسمائے سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ | 31 |
| 22 | استغفار | 32 |

اللّٰه

جلّ جلاله

لا إله إلا اللّٰه

مُحَمَّدٌ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

لا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

## سُوۡرَةُ الۡفَاتِحَةِ

اَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی شیطان مردود سے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ① الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ② مٰلِكِ

سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا، بہت مہربان رحمت والا، مالک

يَوۡمِ الدِّيۡنِ ③ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ ④ اِهۡدِنَا

روزِ جزا کا، ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں، چلا ہم کو

الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ⑤ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ

سیدھے راستے پر، راستہ ان کا جن پر تو نے احسان کیا،

غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ⑦

نہ ان کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔

## سُوۡرَةُ الۡاِخۡلَاصِ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ① اَللّٰهُ الصَّمَدُ ② لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ③

(اے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ فرما دیجئے: وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اُس نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا

وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ④

اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔

## سُوْرَةُ الْفَلَقِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ

(اے حبیب ﷺ) آپ فرمادیجئے: میں پناہ لیتا ہوں صبح کے پروردگار کی، اس کی سب مخلوق کی شر سے اور

غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿۴﴾

اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے، اور ان عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

اور حسد والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے۔

## سُوْرَةُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿۳﴾

(اے حبیب ﷺ) آپ فرمادیجئے: میں اس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب، سب لوگوں کا بادشاہ، سب لوگوں کا خدا

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ

بار بار وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پسپا ہونے کے شر سے۔ وہ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے

النَّاسِ ﴿۵﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

ڈالتے ہیں، خواہ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں سے

# درودِ ابراھیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| |
|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ، |
| اے اللہ! رحمتیں نازل فرما (ہمارے سردار) محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر |
| کَمَا صَلَّیۡتَ عَلٰی إِبۡرَاھِیۡمَ وَعَلٰی آلِ إِبۡرَاھِیۡمَ، |
| جیسے تو نے رحمتیں نازل فرمائیں سیدنا ابراھیم علیہ السلام پر اور آل ابراھیم علیہ السلام پر |
| إِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ |
| بے شک تو خوبیوں والا بڑی شان والا ہے۔ |
| اَللّٰھُمَّ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ، |
| اے اللہ! اپنی برکتیں نازل فرما (ہمارے سردار) محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر |
| کَمَا بَارَکۡتَ عَلٰی إِبۡرَاھِیۡمَ وَعَلٰی آلِ إِبۡرَاھِیۡمَ، |
| جیسے تو نے برکتیں نازل فرمائیں سیدنا ابراھیم علیہ السلام پر اور آل ابراھیم علیہ السلام پر |
| إِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ |
| بے شک تو خوبیوں والا بڑی شان والا ہے۔ |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# درودِ پاک کی فضیلت

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض کیا: کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر کثرت سے درود پڑھنا چاہتا ہوں، اب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بتلا دیجئے کہ اپنے لیے دعا کے واسطے جو وقت میں نے مقرر کیا ہے، اُس میں کتنا وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود بھیجنے کے لیے مخصوص کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جس قدر تمہارا جی چاہے۔ میں نے عرض کیا: کیا چوتھائی (وقت مقرر کروں) آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جتنا چاہے اور اگر زیادہ وقت مقرر کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا: تو پھر دو تہائی مقرر کر دوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: کہ جس قدر تمہارا جی چاہے اور اگر زیادہ مقرر کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا:

اچھا تو پھر میں اپنی دعا کا سارا وقت ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے درود کے واسطے کئے دیتا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: یہ تمہیں کفایت کرے گا تمہارے دین و دنیا کے مقاصد کو پورا کرے گا اور تمہارے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

(جامع ترمذی: حدیث نمبر 2457)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# فضائل بشائر الخیرات

تمام تعریفیں اُس اللہ کے لیے جس نے ہم کو دولتِ ایمان سے سرفراز فرما کر ہم پر احسان کیا اور بہر وقت و بہر زماں درود وسلام سرور جہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل اور اصحاب رضی اللہ عنہم پر۔

(اَمَّا بَعۡدُ!) شیخ الامت، امام الائمہ، سید النجباء، قطب الاقطاب، غوث اعظم سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے بعض اخوان فی دین اللہ تعالیٰ سے فرمایا کہ مجھ سے درود لے لو جسے میں نے بذریعہ الہام اللہ تعالیٰ سے پایا ہے۔ میں نے اُس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر پیش کیا اور اِرادہ کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے اِس فضیلت دریافت کروں لیکن میرے سوال کرنے کے پیشتر ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس کی بہت فضیلت ہے جس کا احصاء ناممکن ہے۔ اِس درود کے پڑھنے والوں کے درجات بلند ہوتے ہیں اور اُن کے انتہائی مقاصد پورے ہوتے ہیں اور جو کوئی اِس درود کے ذریعہ کسی معاملہ کا قصد کرے تو وہ ردّ نہ ہوگا اور نہ وہ شخص مایوس ہوگا نہ اُس کا حسن ظن باطل ہوگا اُس کی دعا ردّ نہ ہوگی جو اِس درود کو پڑھے خواہ ایک مرتبہ ہی پڑھے یا اُس کو اُٹھائے پھرے اللہ اُس کو اور اُس کی مجلس میں جو اُس کے ساتھ ہو اُن دونوں کو بخش دے گا۔ اور جب اُس کی موت آئے گی تو اُس کے نزدیک چار فرشتے آئیں گے۔ پہلا فرشتہ اُس کے نزدیک شیطان کو آنے سے روک دے گا۔ دوسرا فرشتہ اُس کو کلمہ شہادت کی تلقین کرے گا۔ تیسرا فرشتہ اُس کو جام کوثر پلائے گا اور چوتھے فرشتے کے ہاتھ میں سونے کا برتن ہوگا جس

میں جنت کے میوے ہوں اور وہ اُس کو جنت میں اُس کے مقام کی بشارت دے گا اور کہے گا کہ اے اللہ کے بندے خوش ہو جا کہ تو نے جنت میں اپنے مقام کو بچشم خود روح نکلنے سے قبل دیکھ لیا۔ یہ شخص اپنی قبر نہایت اطمینان وفرحت اور خوشی سے داخل اور اُس میں وحشت و تنگی نہ دیکھے گا۔ اُس کے لیے رحمت کے چالیس دروازے کھول دیئے جائیں گے۔ اِس طرح اس کے لیے ابوابِ نور بھی کھول دیئے جائیں گے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے یہ منقول ہے کہ جب آپ نے شبِ معراج میں ربّ عزّ وجل تک سیر کی تو رب عزوجل نے دریافت کیا؟ کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یہ زمین کس کی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے عرض کیا: اے رب تیرے لیے، پھر حق تعالیٰ نے سوال کیا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یہ حجابات کس کے لیے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جواب دیا اے رب یہ تیرے لیے ہیں۔ پھر اللہ نے سوال کیا کہ کرسی کس کے لیے ہے؟ اُس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سر بسجدہ ہو گئے اور کچھ کہنے کے لیے حیا مانع ہوئی اُس موقع پر خود رب العزت نے ارشاد فرمایا: کہ تو اس کے لیے ہے جو تجھ پر درود بھیجتا ہے جو تجھ پر درود اور تیرے شرف و بزرگی کو بڑھاتا ہے۔

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ''تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ میں اُس کو سب سے زیادہ محبوب ہو جاؤں اُس کے والدین، اولاد اور تمام لوگوں سے۔ (صحیح البخاری: حدیث نمبر 14)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے محبت کی علامت سب سے زیادہ محبوب تر درود شریف کا پڑھنا ہے اور بشائر الخیرات وہ درود پاک ہے جس کو خود بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں مقبولیت تامہ حاصل ہے۔

# بشائر الخیرات کی تلاوت سے پہلے یہ دعا پڑھیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

| |
|---|
| اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ نَوَیْتُ بِصَلٰوتِیْ عَلَی النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| اے اللہ جل جلالہ! میں نیت کرتا ہوں بارگاہِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں درود وسلام پیش کرنے کی |
| اِمْتِثَالًا لِاَمْرِكَ وَتَعْظِیْمًا لِنَبِیِّكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| تیرے فرمان کی اتباع اور تیرے نبی مکرم ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کے لیے |
| فَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ |
| پس میرا درود پاک پڑھنا اپنے فضل واحسان سے قبول فرما |
| وَاَزِلْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِیْ |
| اور میرے دل سے غفلت کے پردوں کو دور فرما یا |
| وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ |
| اور مجھے اپنے نیک بندوں میں سے بنادے |

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ جلّ جلالہٗ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا

سب تعریف اللہ جلّ جلالہٗ کے لیے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے' اے اللہ جلّ جلالہٗ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدِنِ الۡبَشِیۡرِ الۡمُبَشِّرِ لِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡمُ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جو مومنوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں' جیسا کہ عظمت والے اللہ جلّ جلالہٗ کا ارشاد ہے

وَبَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۝ وَأَنَّ اللّٰہَ لَایُضِیۡعُ أَجۡرَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۝ اَللّٰھُمَّ

''اور مومنوں کو خوشخبری سناؤ'' ● ''اور بیشک اللہ جلّ جلالہٗ ایمان والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتا'' ● اے اللہ جلّ جلالہٗ!

صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الۡبَشِیۡرِ الۡمُبَشِّرِ لِلذَّاکِرِیۡنَ

درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو ذکر کرنے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں'

بِمَا قَالَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡمُ فَاذۡکُرُوۡنِیۡ أَذۡکُرۡکُمۡ ۝ اُذۡکُرُوا اللّٰہَ ذِکۡرًا کَثِیۡرًا

جیسا کہ عظمت والے اللہ جلّ جلالہٗ کا ارشاد ہے ''تو تم مجھے یاد کرو میں تمہارا چرچا کروں گا'' ● ''اللہ جلّ جلالہٗ کو بہت زیادہ ذکر

وَسَبِّحُوۡہُ بُکۡرَۃً وَّأَصِیۡلًا ۝ ھُوَ الَّذِیۡ یُصَلِّیۡ عَلَیۡکُمۡ وَ مَلَائِکَتُہٗ

کیا کرو اور صبح وشام اُس کی پاکیزگی بیان کرتے رہو'' ● ''وہی ہے جو تم پر درود بھیجتا ہے اور اُس کے فرشتے بھی

لِیُخۡرِجَکُمۡ مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَی النُّوۡرِ وَکَانَ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَحِیۡمًا ۝

تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر اُجالے کی طرف لے جائے اور وہ مومنوں پر مہربان ہے۔'' ●

تَحِیَّتُھُمۡ یَوۡمَ یَلۡقَوۡنَہٗ سَلَامٌ وَّأَعَدَّ لَھُمۡ أَجۡرًا کَرِیۡمًا ۝ اَللّٰھُمَّ

''وہ جس دن اُس سے ملاقات کریں گے اُن کا تحفہ سلام ہوگا اور اُن کے لیے بڑا ثواب تیار رکھا ہے۔'' ● اے اللہ جلّ جلالہٗ!

صَلِّ وَ سَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الۡبَشِیۡرِ الۡمُبَشِّرِ لِلۡعَامِلِیۡنَ

درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو عمل کرنے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں'

بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيْمُ إِنِّي لَآ أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ''یہ کہ میں تم میں سے مرد ہو کہ عورت کسی کا عامل کا عمل

ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ

ضائع نہیں کروں گا''● ''اور مرد ہو کہ عورت جو بھی نیک کام کرے اور وہ

مُؤْمِنٌ فَأُولٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

مومن تو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے وہاں بے حساب رزق دیئے جائیں گے''●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْأَوَّابِيْنَ

اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو رجوع کرنے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں'

بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيْمُ فَإِنَّهُ كَانَ لِلْأَوَّابِيْنَ غَفُورًا ۝ لَهُمْ مَّا

جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ''تو بے شک وہ رجوع کرنے والوں کو بخشنے والا ہے''● ''اُن کے لیے

يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اپنے پروردگار کے پاس جو چاہے' محسنوں کا یہی صلہ ہے''● اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلتَّوَّابِيْنَ بِمَا قَالَ اللهُ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو توبہ کرنے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں' جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ

الْعَظِيْمُ إِنَّ اللهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝ وَهُوَ

کا ارشاد ہے ''بے شک اللہ جل جلالہ بہت توبہ کرنے والوں کو اور پاکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے''۔● ''اور وہی

الَّذِيْ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَعْفُوْا عَنِ السَّيِّئَاتِ ۝

(اللہ جل جلالہ) ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور برائیوں کو معاف کرتا ہے ۔''●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُخْلِصِيْنَ

اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو مخلصین کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيمُ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے ''پس جو کوئی اپنے پروردگار سے ملاقات کی اُمید رکھتا ہے تو اُسے چاہیے

عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۝

کہ نیک کام کرے اور پروردگار کی عبادت میں کسی کو بھی شریک نہ کرے۔'' ● ''اُس کے دین کے لیے خالص بن کر'' ●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُصَلِّيْنَ

اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم پر جو نماز پڑھنے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيمُ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے ''اور نماز قائم کر، بے شک نماز بے حیائی اور بری بات سے

الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ ۝ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ

منع کرتی ہے'' ● ''نماز قائم کر اور بھلائی کا حکم دے اور برائی سے

الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝

منع کر اور آپ پر جو اُفتاد پڑے اُس پر صبر کیجئے بیشک یہ ہمت والے کام ہے۔'' ●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْخَاشِعِيْنَ

اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم پر جو عاجزی کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيمُ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے ''اور صبر و نماز کے ساتھ مدد چاہو اور بے شک وہ ضرور بھاری ہے (مگر)

اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ

اُن پر بھاری نہیں جو عاجزی کرنے والے ہیں۔'' ● ''وہ لوگ جانتے ہیں کہ انھیں اپنے پروردگار سے ملنا ہے اور

رٰجِعُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللهَ قِيٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ

یہ کہ وہ اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔'' ● ''وہ لوگ جو کھڑے ہوئے، بیٹھے ہوئے اور اپنے کروٹوں پر لیٹے

وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا

ہوئے اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش پر غور کرتے ہیں۔اے ہمارے پروردگار! تو نے

بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

یہ بیکار نہیں پیدا کیا۔تو پاک ہے تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچالے'' ● اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلصَّابِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو صبر کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں، جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے

إِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

''صبر کرنیوالوں کو ہی اُن کا بھرپور ثواب بے حساب دیا جائے گا'' ● ''یہ وہی لوگ ہیں جنھیں

هَدٰاهُمُ اللّٰهُ وَأُولٰٓئِكَ هُمْ أُولُوا الْأَلْبَابِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اللہ نے ہدایت فرمائی اور یہ لوگ وہی ہیں جو عقلمندوں میں سے ہیں۔'' ● اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْخَائِفِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو ڈرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں، جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۝ وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

''اور جو اپنے پروردگار کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرا اس کے لیے دو جنتیں ہیں'' ● ''اور وہ جو اپنے

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۝ فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوٰى ۝ اَللّٰهُمَّ

رب کے حضور کھڑے ہونے سے ڈرا اور نفس کو خواہش سے روکا۔'' ● اے اللہ جل جلالہ!

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُتَّقِيْنَ بِمَا

درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو متقین کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں، جیسا کہ

قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ

عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے''اور میری رحمت نے ہر چیز کو سما لیا تو عنقریب میں اُن کے لیے لکھ دوں گا جو

يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكَاةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيَاتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ

پرہیزگاری کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں۔اور جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں''● ''وہ لوگ

يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ ۝ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا

جو نبی اُمی ﷺ کی پیروی کرتے ہیں''● ''اُن کے لیے اُن کے عمل کا بدلہ دوگنا صلہ ہے

وَهُمْ فِي الْغُرُفَاتِ اٰمِنُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور وہ بالاخانوں میں امن وامان سے ہیں''● اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُخْبِتِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَبَشِّرِ

محمد ﷺ پر جو عاجزی کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں، جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے

الْمُخْبِتِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ إِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ ۝ وَالَّذِيْنَ

''اور عاجزی کرنیوالوں کو خوشخبری سنادو کہ جب اللہ کی یاد کی جاتی ہے تو اُن کے دِل ڈرنے لگتے ہیں۔''● ''اور وہ

يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ أَنَّهُمْ إِلٰى رَبِّهِمْ رَاجِعُوْنَ ۝

لوگ جنھیں کچھ دیا گیا ہے وہ دیتے ہیں اور اُن کے دِل اُس سے ڈرتے ہیں کہ انھیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔''●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلصَّابِرِيْنَ

اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو صبر کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں،

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَبَشِّرِ الصَّابِرِيْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ إِذَآ أَصَابَتْهُمْ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے''اور ان صبر کرنیوالوں کو خوشخبری سنادو کہ جب اُن پر کوئی مصیبت

مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّآ إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝ أُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ

پڑے تو کہیں بیشک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بے شک ہمیں اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔یہی وہ لوگ ہیں جن پر اُن

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَ أُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝ إِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ

کے پروردگار کے درود اور رحمت ہے اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔''● ''بے شک آج

الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوٓا أَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

میں نے اُن کے صبر کا انھیں یہ بدلہ دیا کہ وہی مراد پانے والے ہیں'' ● اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود وسلام بھیج

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْکَاظِمِیْنَ بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِیْمُ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو غصہ کو پی جانیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے

وَالْکَاظِمِیْنَ الْغَیْظَ وَالْعَافِیْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللهُ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝

''اور غصہ کو پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کرنیوالے کہ اللہ احسان کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے۔'' ●

فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهٗ عَلَی اللهِ إِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظَّالِمِیْنَ ۝

''جس نے معاف کیا اور صلح کی تو اُس کا ثواب اللہ پر ہے، بے شک وہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔'' ●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُحْسِنِیْنَ

اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نیکی کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِیْمُ وَأَحْسِنُوْا إِنَّ اللهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝

جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے ''اور نیکی کرو بے شک اللہ نیکی کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے'' ●

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ أَمْثَالِهَا وَمَنْ جَآءَ بِالسَّیِّئَةِ فَلَا یُجْزٰٓی

''جو ایک نیکی لے آئے تو اُس کے لیے اُس جیسی دس (نیکیاں) ہیں اور جو برائی لے آئے تو اُس کو صرف

إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اس کے برابر ہی بدلہ دیا جائے گا اور اُن پر ظلم نہ ہوگا۔'' ● اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُتَصَدِّقِیْنَ بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِیْمُ وَأَنْ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو صدقہ کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے ''اور یہ

تَصَدَّقُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ إِنْ کُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ إِنَّ اللهَ یَجْزِی الْمُتَصَدِّقِیْنَ ۝

کہ صدقہ دینا تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو'' ● ''بے شک اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ صدقہ دینے والوں کو صلہ دیتا ہے۔'' ●

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُنْفِقِیْنَ

اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو خرچ کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَمَا أَنْفَقْتُمْ مِّنْ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ''اور وہ ہمارے دیئے ہوئے رزق سے خرچ کرتے ہیں۔'' ● ''اور جو چیز کہ تم

شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ

خرچ کرتے ہیں اُس کے بدلے وہ اور دیگا۔'' ● ''اے اللہ جل جلالہ! درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو

الْمُبَشِّرِ لِلشَّاكِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

جو شکر کرنیوالوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ''اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو

إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ۝ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ

اگر تم اُس کی عبادت کرتے ہو۔'' ● ''اگر تم شکر کرو گے تو میں تمہیں اور زیادہ دوں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو

إِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ

بے شک میرا عذاب سخت ہے۔'' ● ''اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو مانگنے والوں کے لیے

الْمُبَشِّرِ لِلسَّائِلِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ فَإِنِّيْ قَرِيْبٌ أُجِيْبُ

لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ''تو بیشک میں نزدیک ہوں جب

دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۝ اُدْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

وہ پکارے تو پکارنیوالے کی دعا کو میں قبول کرتا ہوں۔'' ● ''مجھ سے دعا کرو میں تمہارے لیے قبول کروں گا۔'' ● ''اے اللہ جل جلالہ!

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ لِلصَّالِحِیْنَ بِمَا قَالَ

درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو نیک لوگوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے

اللّٰهُ الْعَظِيْمُ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُوْنَ ۝ أُولٰئِكَ

اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے ''یہ کہ اِس زمین کے وارث میرے نیک بندے ہوں گے۔'' ● ''یہی لوگ جنت کے

هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

وارث ہیں۔" ● "یہ لوگ جنت کے سب سے اعلیٰ باغات کی وراثت (بھی) پائیں گے، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔" ●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُحْسِنِيْنَ

"اے اللہ جل جلالہٗ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو نیکی کرنے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہٗ کا ارشاد ہے "بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود بھیجتے ہیں

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۝ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ

اے ایمان والو! اُن پر درود اور خوب سلام بھیجو۔" ● "وہ تمہیں رحمت کے دو حصے عطا فرمائے گا اور

مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

تمہارے لیے روشنی کردے گا، جس میں تم چلو گے اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔" ●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُبَشِّرِيْنَ

"اے اللہ جل جلالہٗ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو خوشخبری پہنچانے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۝

جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہٗ کا ارشاد ہے "اور جو ایمان لائے اور نیک کام کئے اُن کو خوشخبری دے،

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ

دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں اُن کے لیے خوشخبری ہے اللہ کی باتیں تبدیل نہیں ہو سکتیں،

ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

یہی بڑی کامیابی ہے۔" ● "اے اللہ جل جلالہٗ! درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو

الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْفَآئِزِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ

جو مراد پانے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہٗ کا ارشاد ہے "اور جو اللہ کی

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اُس نے بڑی کامیابی پائی۔" ● "اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود و سلام بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلزَّاهِدِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو پرہیزگاروں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے "مال اور بیٹے

زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

دنیاوی زندگی کی زینت ہیں اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں وہ ثواب ہیں تمہارے پروردگار کے یہاں بہتر ہیں

وَخَيْرٌ أَمَلًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ

اور اُمید میں سب سے بھلی ہیں۔" ● "اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو بے پڑھے لکھے لوگوں کے لیے

الْمُبَشِّرِ لِلْأُمِّيِّيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ

خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے "لوگوں میں ظاہر ہوتی سب اُمتوں

لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

تم بہتر ہو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو۔" ● "اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود و سلام بھیج

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُصْطَفِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو برگزیدہ لوگوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا

الْعَظِيْمُ ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ

ارشاد ہے "پھر ہم نے کتاب کا وارث اُن لوگوں کو کیا جنہوں ہم نے اپنے بندوں میں برگزیدہ بنایا تو اُن میں سے

ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِإِذْنِ اللّٰهِ

کسی نے اپنی جان پر ظلم کیا اور اُن میں کوئی میانہ روی پر رہے اور اُن میں کوئی حکم سے بھلائیوں پر سبقت لے گیا

ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

یہی بڑا فضل ہے۔" ● "اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود و سلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر جو

الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُذْنِبِيْنَ بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيْمُ قُلْ يٰعِبَادِيَ

گنہگاروں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے "فرمادیجیے اے میرے بندوں

الَّذِيْنَ أَسْرَفُوْا عَلٰٓى أَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللهِ إِنَّ اللهَ يَغْفِرُ

جنھوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے نا اُمید مت ہو، بے شک اللہ سارے گناہوں

الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا إِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کو بخشتا ہے' بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔" ● "اے اللہ جل جلالہ! درود و سلام بھیج

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيْمُ

ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو بخشش مانگنے والوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا

وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللهَ يَجِدِ اللهَ

ارشاد ہے "اور جو کوئی برائی کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش چاہے تو وہ اللہ کو

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ

بخشنے والا مہربان پائے گا۔" ● "اے اللہ جل جلالہ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد ﷺ پر جو قرب حاصل کرنیوالوں

الْمُبَشِّرِ لِلْمُقَرَّبِيْنَ بِمَا قَالَ اللهُ الْعَظِيْمُ إِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ

خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ جل جلالہ کا ارشاد ہے "بے شک وہ لوگ جن کے لیے بھلائی کا ہمارا

مِّنَّا الْحُسْنٰٓى أُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۞ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا

وعدہ پہلے ہوچکا وہ لوگ اس (جہنم) سے دور رکھے گئے ہیں۔اس کا کھٹکا نہیں سنیں گے اور

وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ أَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ۞ لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ

وہ اپنی من مانی خواہشوں میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔" ● "سب سے بڑی گھبراہٹ انہیں غمگین نہ کرے گی

وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۞

اور فرشتے ان کے استقبال کو آئیں گے یہ دن تمہارا ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔" ●

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

''اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ! درود وسلام بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو مومنوں کے لیے خوشخبری دینے اور پہنچانے والے ہیں

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ

جیسا کہ عظمت والے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ کا ارشاد ہے''بیشک مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں اور مومن مرد

وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْقَانِتِيْنَ وَالْقَانِتَاتِ وَالصَّادِقِيْنَ وَالصَّادِقَاتِ

اور مومن عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں ،سچ بولنے والے اور سچ بولنے والیاں اور

وَالصَّابِرِيْنَ وَالصَّابِرَاتِ وَالْخَاشِعِيْنَ وَالْخَاشِعَاتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ

صبر کرنے والے مرد اور صبر کرنے والیاں اور عاجزی کرنے والے اور عاجزی کرنے والیاں اور صدقہ دینے والے

وَالْمُتَصَدِّقَاتِ وَالصَّائِمِيْنَ وَالصَّائِمَاتِ وَالْحَافِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ

اور صدقہ دینے والیاں اور روزہ رکھنے والے اور روزہ رکھنے والیاں اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے اور

وَالْحَافِظَاتِ وَالذَّاكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً

حفاظت کرنے والیاں اور اللہ کو بہت ذکر کرنے والے مرد اور یاد کرنے والی عورتیں کہ اُن سب کے لیے اللہ نے بخشش

وَّأَجْرًا عَظِيْمًا ۝ وَأَنْ لَّيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰى ۝ وَأَنَّ سَعْيَهٗ

اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔'' ● ''اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے۔'' ● ''اور یہ کہ اس کی

سَوْفَ يُرٰى ۝ ثُمَّ يُجْزَاهُ الْجَزَاءَ الْأَوْفٰى ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ صَلَاةً

کوشش عنقریب دیکھی جائیگی۔'' ● ''پھر اس کا بھرپور بدلہ دیا جائے گا۔'' ● اے اللہ جَلَّ جَلَالُہٗ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایسا درود

تُشْرَحُ بِهَا الصُّدُوْرُ وَتَهُوْنُ بِهَا الْأُمُوْرُ وَتَنْكَشِفُ بِهَا السُّتُوْرُ

جس سے سینے کشادہ ہوجائیں اور جس سے کام آسان ہوجائیں اور جس سے پوشیدہ باتیں کھل جائیں

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا دَائِمًا إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ دَعْوَاهُمْ فِيْهَا

اور قیامت میں ہمیشہ کثرت سے خوب سلام بھیج ۔(اُس دن ) اُن کی دعا یہ ہوگی کہ

سُبۡحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمۡ فِيۡهَا سَلَامٌ وَاٰخِرُ دَعۡوٰهُمۡ

کہ اے اللہ جل جلالہ تو پاک ہے اور اُن کے ملتے وقت دعا ،سلام ہوگی اور اُن کی دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ

أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعَالَمِيۡنَ ؈

سب تعریفیں اللہ جل جلالہ کے لیے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے۔

# درود تاج

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالۡمِعۡرَاجِ

اے اللہ عزوجل! رحمت فرما ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تاج و معراج والے

وَالۡبُرَاقِ وَالۡعَلَمِ ● دَافِعِ الۡبَلَآءِ وَالۡوَبَآءِ وَالۡقَحۡطِ وَالۡمَرَضِ

براق اور بلندی والے ہیں، بلیات و وباء قحط و مرض دُکھ اور مصیبت کے دُور

وَالۡاَلَمِ ● اِسۡمُهٗ مَكۡتُوۡبٌ مَّرۡفُوۡعٌ مَّشۡفُوۡعٌ مَّنۡقُوۡشٌ فِي اللَّوۡحِ

کرنیوالے ہیں۔جن کا اسم گرامی لکھا ہوا ہے بلند ہے اور اللہ کے نام کیساتھ جُڑا ہوا ہے لوح وقلم میں

وَالۡقَلَمِ ● سَيِّدِ الۡعَرَبِ وَالۡعَجَمِ ● جِسۡمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ

منقش ہے ،عرب وعجم کے سردار ہیں، ان کا جسم مبارک پاکیزہ ، خوشبودار، انتہائی پاکیزہ

مُنَوَّرٌ فِي الۡبَيۡتِ وَالۡحَرَمِ ● شَمۡسِ الضُّحٰى بَدۡرِ الدُّجٰى صَدۡرِ الۡعُلٰى

نور علی نور ہے خانہ کعبہ اور حرم مقدس میں ،اجالوں کے آفتاب،تاریکیوں کے بدر کامل ،بلندیوں سے بلند کر

نُوۡرِ الۡهُدٰى كَهۡفِ الۡوَرٰى ● مِصۡبَاحِ الظُّلَمِ جَمِيۡلِ الشِّيَمِ

نورِ ہدایت مخلوق کی مضبوط جائے پناہ، تاریکیوں کے چراغ، اوصافِ جمیلہ کے حامل

شَفِيْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ • وَاللهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِيْلُ

تمام اُمتوں کے شفاعت کرنیوالے، صاحب جود وکرم ۔اور اللہ تعالیٰ اُن کی حفاظت فرمانے والا اور جبرئیل

خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَفَوْقَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى

اُن کے خادم اور براق اُن کی سواری اور معراج اُن کا سفر اور سدرۃ المنتہٰی سے آگے

مَقَامُهٗ وَقَابَ قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ • وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ

اُن کی جائے گزر، قاب قوسین اُن کا مطلوب، اور مطلوب اُن کا مقصود

وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ • سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ شَفِيْعِ

مقصود انہیں حاصل ہے ۔رسولوں کے سردار، نبیوں کے خاتم، شفاعت کرنیوالے

الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعٰلَمِيْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ

گنہگاروں کی ،اجنبیوں کو مانوس کرنیوالے ،عالمین کے لیے رحمت ۔عاشقوں کی راحت ،چاہنے والوں

الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ

کی مراد،معرفت والوں کے آفتاب ،راہِ سلوک کے مسافروں کے چراغ ،مقربین کے

الْمُقَرَّبِيْنَ • مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ • سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ

چراغ،فقیروں ،غریبوں اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے،جنات اور انسانوں کے سردار،

نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ صَاحِبِ

حرم مکہ اور حرم مدینہ کے نبی، بیت المقدس اور خانہ کعبہ دونوں کے امام ، دنیا وآخرت میں ہمارا مضبوط وسیلہ،

قَابَ قَوْسَيْنِ • مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ •

قاب قوسین کی نوید والے،مشرقین اور مغربین کے رب کے محبوب ،

جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِي الْقَاسِمِ سَيِّدِنَا

سیدنا امام حسن علیہ السلام اور سیدنا امام حسین علیہ السلام کے نانا جان ،ہمارے آقا جملہ جن وانس کے مالک ابوالقاسم سیدنا

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللهِ • يَا اَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ

محمد بن عبداللہ ﷺ ، جو اللہ کے نور سے منور ہیں ۔ اے مشتاقانِ چہرہ

جَمَالِهٖ • صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا •

جانفزا، اُن پر درود بھیجو اور اُن کی آل اور ان کے اصحاب پر اور خوب سلام بھیجو۔

## درود تنجینا

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اے اللہ عزوجل! ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ اور اُن کی آل پر ایسی رحمت و برکت نازل فرما

تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا

جس سے ہمیں تمام ڈر خوف اور آفات سے نجات ہو جائے اور جس کی برکت سے ہماری

مِنْ جَمِيْعِ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ

تمام حاجتیں روا ہو جائیں اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک وصاف ہو جائیں

وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى

اور جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر متمکن ہوں اور جس کے ذریعے ہم زندگانی

الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ

کی تمام نیکیوں اور مرنے کے بعد کی تمام اچھائیوں سے بدرجہ غایت فائدہ حاصل کریں

اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَيَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ

بے شک تیری ذات دعائیں قبول کرنیوالی اور درجات کو بلند کرنے والی ہے اور اے ہر حاجت کو پورا کرنیوالے

وَيَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ

اور اے حاجتوں کو برلانے والے، اور مصیبتوں کو ختم کرنے والے، اور سخت مشکلات کو حل کرنے والے

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ يَا اِلٰهِیْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ●

میری مدد فرما، میری مدد فرما، میری مدد فرما، اے پروردگار، بے شک جو تو چاہتا ہے اُس پر قدرت رکھتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

اے اللہ عزوجل! (کامل واکمل) رحمتیں بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى لَهٗ

اے اللہ عزوجل! (ایسی کامل واکمل) رحمتیں بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو تیری رضا و مرضی کے مطابق ہو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

جَزَى اللّٰهُ عَنَّا سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا مَّا هُوَ اَهْلُهٗ

اے اللہ عزوجل! ہماری جانب سے ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کے شایان شان بدلہ عطا فرما

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَحَبِيْبِنَا وَطَبِيْبِنَا وَنَبِيِّنَا

اے اللہ عزوجل! (کامل واکمل) رحمتیں بھیج ہمارے سردار، ہمارے حبیب، ہمارے طبیب، ہمارے نبی

وَشَفِيْعِنَا وَمَوْلَانَا وَمَلْجَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ

ہماری شفاعت کرنیوالے، ہمارے آقا، ہمارے ملجا، سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر آپ کی آل پاک، آپ کے اصحاب، اہل بیت،

وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

آپ کی ازواج مطہرات اور تمام اولاد پاک پر اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

اٰمِيْن بِجَاهِ النَّبِيِّ الْاَمِيْن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

# درودِ روحی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الصَّلٰوۃُ • وَصَلِّ عَلٰی

اے اللہ عزوجل! درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب تک نماز باقی ہے اور درود بھیج

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الرَّحۡمَۃُ • وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَادَامَتِ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب تک رحمت باقی ہے اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب تک

الۡبَرَکَاتُ • وَصَلِّ عَلٰی رُوۡحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡاَرۡوَاحِ • وَصَلِّ

برکتیں ہیں اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح پاک پر روحوں کے درمیان، اور درود بھیج

عَلٰی صُوۡرَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الصُّوَرِ • وَصَلِّ عَلٰی اِسۡمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت پاک پر صورتوں کے درمیان، اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام مبارک

فِی الۡاَسۡمَآءِ • وَصَلِّ عَلٰی نَفۡسِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النُّفُوۡسِ • وَصَلِّ

ناموں میں، اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نفس مبارک پر نفسوں کے درمیان، اور درود بھیج

عَلٰی قَلۡبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡقُلُوۡبِ • وَصَلِّ عَلٰی قَبۡرِ سَیِّدِنَا

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب مبارک پر قلوب کے درمیان، اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک پر

مُحَمَّدٍ فِی الۡقُبُوۡرِ • وَصَلِّ عَلٰی رَوۡضَۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الرِّیَاضِ •

قبروں میں، اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ مبارک پر روضوں کے درمیان ۔

وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الۡاَجۡسَادِ • وَصَلِّ عَلٰی تُرۡبَۃِ

اور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم مبارک پر جسموں کے درمیان، اور درود بھیج ہمارے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی التُّرَابِ • وَصَلِّ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمد ﷺ کی تربت پاک پر تربتوں کے درمیان، اور درود بھیج اپنی مخلوق کے بہترین ہمارے سردار محمد ﷺ

وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّاتِهٖ اَجْمَعِیْنَ •

اور آپ کی تمام آل ، اصحاب ،اہل بیت ،ازواج مطہرات اور اولادِ پاک پر

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ •

اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنیوالے

## سورۂ توبہ کی آخری دو آیتیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ

بیشک تمہارے پاس تم میں سے (ایک باعظمت) رسول (ﷺ) تشریف لائے۔ تمہارا مشقت میں پڑنا ان پر سخت گراں (گزرتا) ہے۔

حَرِیْصٌ عَلَیْكُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲۸﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

وہ تمہارے لئے (بھلائی کے) بڑے آرزومند رہتے ہیں (اور) مومنوں کے لئے نہایت (ہی) شفیق بے حد رحم فرمانے والے ہیں، پس اگر وہ روگردانی کریں

حَسْبِیَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ﴿۱۲۹﴾

تو فرما دیجیے! مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں اسی پر بھروسہ کیے ہوئے ہوں اور عرش عظیم کا رب ہے۔

## فضیلت

علامہ شمس الدین محمد بن ابی اکبر ابن قیم الجوزیہ متوفی 751 ہجری اپنی سند کے ساتھ اپنی کتاب ''جلاء الافہام'' میں لکھتے ہیں: ''ابوبکر محمد بن عمر بیان کرتے ہیں کہ میں ابوبکر بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ (اتنے میں شیخ المشائخ حضرت ابوبکر)

شبلی رحمۃ اللہ علیہ آ گئے۔ ابو بکر بن مجاہد رحمۃ اللہ علیہ اُن کے لیے کھڑے ہوئے اور اُن سے معانقہ کیا اور اُن کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ میں نے کہا: اے سیدی! آپ شبلی رحمۃ اللہ علیہ کی اِس قدر تعظیم کر رہے ہیں حالانکہ آپ کا اور تمام اہل بغداد کا خیال ہے کہ یہ دیوانہ ہے! انہوں نے کہا: ''میں نے ان کے ساتھ اسی طرح کیا ہے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اس کے ساتھ کرتے ہوئے دیکھا ہے'' میں نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کی پھر دیکھا کہ شبلی آ رہا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُس کے لیے کھڑے ہوئے اور اس کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! آپ شبلی کی اِس قدر تعظیم کر رہے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ہر فرض نماز کے بعد (سورۃ التوبہ کی آیت 128، 129) لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ آخر تک اور پھر میری ذات پر درود پاک پڑھتا ہے اور تین مرتبہ اِس طرح پڑھتا ہے۔ اک اور روایت میں ہے یہ فرض نماز کے بعد (مذکور) دو آیتیں اور درود پاک پڑھتا ہے اور پھر تین مرتبہ ''صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' پڑھتا ہے۔

انہوں نے کہا پھر جب شبلی آئے تو میں نے اُن سے پوچھا کہ آپ نماز کے بعد کیا ذکر کرتے ہیں تو انہوں نے اسی طرح ذکر کیا۔ علامہ سخاوی نے لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: شبلی کا 80 سال سے یہ معمول ہے۔

﴿ جلاء الأفهام فی فضل الصلاة علی محمد خیر الأنام صلی اللہ علیہ وسلم: صفحہ 434، الناشر: دار العروبة الكويت ﴾

﴿ القولُ البَدِيعُ فی الصَّلاةِ عَلَى الحَبِيبِ الشَّفِيعِ صلی اللہ علیہ وسلم: صفحہ 177، الناشر: دار الريان للتراث ﴾

﴿ فضائل درود شریف (مولانا زکریا): صفحہ 132، ناشر: مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی ﴾

# سورة الضحى

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَالضُّحٰی ۙ﴿۱﴾ وَالَّیۡلِ اِذَا سَجٰی ۙ﴿۲﴾ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ؕ﴿۳﴾

چاشت کی قسم، اور رات کی جب پردہ ڈالے، کہ تمہیں تمہارے رب نے نہ چھوڑا، اور نہ ہی ناراض ہوا ہے،

وَلَلۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لَّکَ مِنَ الۡاُوۡلٰی ؕ﴿۴﴾ وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ؕ﴿۵﴾

اور بیشک (ہر) بعد کی گھڑی آپ کے لئے پہلے سے بہتر ہے، اور آپ کا رب عنقریب آپ کو (اتنا کچھ) عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے،

اَلَمۡ یَجِدۡکَ یَتِیۡمًا فَاٰوٰی ۪﴿۶﴾ وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَہَدٰی ۪﴿۷﴾ وَوَجَدَکَ

(اے حبیب!) کیا آپ کو یتیم نہیں پایا پھر (آپ کو معزز) ٹھکانا دیا۔ اور آپ کو اپنی محبت میں گم پایا تو مقصود تک پہنچا دیا۔ اور آپ کو

عَآئِلًا فَاَغۡنٰی ؕ﴿۸﴾ فَاَمَّا الۡیَتِیۡمَ فَلَا تَقۡہَرۡ ؕ﴿۹﴾ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡہَرۡ ؕ﴿۱۰﴾

(وصالِ حق کا) حاجت مند پایا پھر غنی کر دیا، سو آپ بھی کسی یتیم پر سختی نہ فرمائیں، اور (اپنے در کے) کسی منگتے کو نہ جھڑکیں،

وَاَمَّا بِنِعۡمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثۡ ﴿۱۱﴾

اور اپنے رب کی نعمتوں کا (خوب) تذکرہ کریں۔

# سورة الانشراح

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعۡنَا عَنۡکَ وِزۡرَکَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیۡۤ اَنۡقَضَ

کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ کشادہ نہیں فرما دیا، اور ہم نے آپ کا (غمِ امت کا وہ) بار آپ سے اتار دیا، جو آپ کی پشتِ

ظَہۡرَکَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ ؕ﴿۴﴾ فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ

(مبارک) پر گراں ہو رہا تھا، اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا ذکر بلند فرما دیا، سو بیشک ہر دشواری کے ساتھ آسانی (آتی) ہے، یقیناً

الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارۡغَبۡ ﴿۸﴾

(اس) دشواری کے ساتھ آسانی (بھی) ہے، پس جب آپ فارغ ہوں تو (ذکر و عبادت میں) محنت فرمایا کریں، اور اپنے رب کی طرف راغب ہو جایا کریں،

# سورة الکوثر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| |
|---|
| اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَ انۡحَرۡ ؕ﴿۲﴾ |
| بیشک ہم نے آپ کو (ہر خیر و فضیلت میں) بے انتہا کثرت بخشی ہے پس آپ اپنے رب کے لئے نماز پڑھا کریں اور قربانی دیا کریں |
| اِنَّ شَانِئَکَ ہُوَ الۡاَبۡتَرُ ﴿۳﴾ |
| بیشک آپ کا دشمن ہی بے نسل اور بے نام ونشاں ہوگا۔ |

# آیت شفاء

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| |
|---|
| وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ہُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۙ |
| اور ہم قرآن میں وہ چیز نازل فرمارہے ہیں جو ایمان والوں کے لئے شفاء اور رحمت ہے |
| وَ لَا یَزِیۡدُ الظّٰلِمِیۡنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾ |
| اور ظالموں کے لئے تو صرف نقصان ہی میں اضافہ کررہا ہے، |

# درود غوثیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

| |
|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ |
| اے اللہ عزوجل! (کامل و اکمل) رحمتیں بھیج ہمارے سردار وآقا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو کہ منبع ہیں جود و کرم ہے |
| وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ؕ |
| اور آپ کی آل پاک پر بیشمار برکتیں اور سلام ہوں |

اَلَا اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○

## اسماءِ سرکارِ غوثیت رضی اللہ عنہ

| |
|---|
| یَا سَیِّدُ مُحِیُّ الدِّیْنِ اَمْرُ اللّٰهِ |
| یَا شَیْخُ مُحِیُّ الدِّیْنِ فَضْلُ اللّٰهِ |
| یَا اَوْلِیَآءُ مُحِیُّ الدِّیْنِ اَمَانُ اللّٰهِ |
| یَا مِسْکِیْنُ مُحِیُّ الدِّیْنِ نُوْرُ اللّٰهِ |
| یَا غَوْثُ مُحِیُّ الدِّیْنِ قُطْبُ اللّٰهِ |
| یَا سُلْطَانُ مُحِیُّ الدِّیْنِ سَیْفُ اللّٰهِ |
| یَا خَوَاجَہْ مُحِیُّ الدِّیْنِ فَرْمَانُ اللّٰهِ |
| یَا مَخْدُوْمُ مُحِیُّ الدِّیْنِ بُرْهَانُ اللّٰهِ |
| یَادَرْوِیْشُ مُحِیُّ الدِّیْنِ اٰیَةُ اللّٰهِ |
| یَا بَادْشَاہْ مُحِیُّ الدِّیْنِ غَوْثُ اللّٰهِ |
| یَا فَقِیْرُ مُحِیُّ الدِّیْنِ مُشَاهِدُ اللّٰهِ |
| قُدِّسَ اللّٰهُ سِرَّهُ الْعَزِیْزُ |

مَاهَمَه مُحْتَاجْ تُوْ حَاجَتْ رَوَا     اَلْمَدَدْ یَا غَوْثِ اَعْظَمْ سَیِّدَا

مُشْکِلَاتِ بے عَدَدْ دَارِیْم مَا     اَلْمَدَدْ یَا غَوْثِ اَعْظَمْ پِیْرِ مَا

یَا حَضْرَتْ غَوْثْ اَغِثْنَا بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالٰی

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا سَیِّدِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَاسَیِّدِیۡ یَاحَبِیۡبَ اللہِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡكَ یَاسَیِّدِیۡ یَا نُوۡرَ اللہِ

## استغفار

| |
|---|
| ① اَسۡتَغۡفِرُ اللہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَیۡهِ |
| میں اللہ عزوجل سے تمام گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں جو میرا پروردگار ہے اور اُسی کی بارگاہ کی طرف رجوع کرتا ہوں |
| ② اَسۡتَغۡفِرُ اللہَ الَّذِیۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡهِ |
| میں اللہ عزوجل سے بخشش مانگتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ حی وقیوم ہے اور اُسی کی بارگاہ کی طرف رجوع کرتا ہوں |
| ③ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ أَنۡتَ خَلَقۡتَنِیۡ وَأَنَا عَبۡدُكَ وَأَنَا عَلٰی عَھۡدِكَ وَوَعۡدِكَ |
| اے اللہ عزوجل! تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، تونے مجھے پیدا کیا، میں تیرا بندہ ہوں اور تجھ سے کئے گیے وعدے اور عہد |
| مَا اسۡتَطَعۡتُ أَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شَرِّ مَا صَنَعۡتُ أَبُوۡءُ لَكَ بِنِعۡمَتِكَ |
| پر قائم ہوں جو تونے مجھے استطاعت عطا کی، میں تیری پناہ چاہتا ہوں اُس برائی سے جو میں نے کی، میں اپنے اوپر تیری |
| عَلَیَّ وَأَبُوۡءُ بِذَنۡبِیۡ فَاغۡفِرۡلِیۡ فَإِنَّهٗ لَا یَغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ إِلَّآ أَنۡتَ |
| نعمتوں کا اور اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں، پس تو مجھے بخش دے، یقیناً تیرے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا |
| صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَاَزۡوَاجِهٖ وَذُرِّیَّاتِهٖ اَجۡمَعِیۡنَ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ |

بلغ العلیٰ بکمالہٖ

بلندیوں کو پہنچے اپنے کمال کیساتھ

کشف الدجیٰ بجمالہٖ

کفر کے اندھیروں کو روشن کیا اپنے جمال کیساتھ

حسنت جمیع خصالہٖ

اچھی ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تمام عادات

صلوا علیہ وآلہٖ

درود و سلام ہو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آل پر

شیخ سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ

مدینہ فاؤنڈیشن پاکستان